26 نومبر تا 2 دسمبر 2021 | شمارہ نمبر 48 | جلد نمبر 33
1989ء سے مسلسل اشاعت
MC - 547 Price Rs. 70/-

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

BMG
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 · PEFC · China Environment Friendly Enterprise · ISO9001 · ISO14001

## Coated Packaging Board

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

GOLD ExcelPro PAPERLINE a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eXp pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eXp srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza foopak CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 25 رنگین اور 15 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


## انصاف بزنس پینل اور ڈان گروپ کی اعتراض مسترد ہونے پر اپیل بھی مسترد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ انصاف بزنس پینل کے چیئرمین نجم الرحمن اور ڈان گروپ کے عاصم اقبال، فائق علی اقبال سمیت دیگر نے فیڈریشن میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی محمد اسلم جیلانی اور باؤ محمد بشیر کی نامزدگی پر اعتراضات کو سیکریٹری جنرل فیڈریشن کی جانب سے مسترد کئے جانے کے بعد اس کے خلاف اپیل فیڈریشن کے الیکشن کمیشن کو کر دی تھی جس کی سماعت 20 نومبر کو ہو گئی تھی اور الیکشن کمیشن نے ان کی اپیل مسترد کر دی باخبر ذرائع کے مطابق اپیل کی سماعت کے بعد فیڈریشن کی مینجنگ کمیٹی کے ایک رکن نے ڈان گروپ کے اہم رکن کو کہا کہ اپنے اختلافات چار دیواری کے اندر کیوں نہیں طے کر لیتے اور آپ نے فیڈریشن میں یہ تماشہ کیوں لگا رکھا ہے جبکہ آپ کے پاس اپنے موقف کے حق میں کوئی دستاویزی ثبوت بھی نہیں ہیں۔ دریں اثنا فیڈریشن کے الیکشن کمیشن کے اراکین ہارون فاروقی، شاہد وسیم اور ارشد خورشید نے متفقہ طور پر یہ اپیلیں مسترد کرتے ہوئے سیکریٹری جنرل کا فیصلہ برقرار رکھا۔ اپنے فیصلوں میں کمیشن نے تحریر کیا ہے کہ فریقین کی جانب سے فراہم کردہ دستاویزات اور گرما گرم بحث کے بعد کمیشن اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن بدستور موجود ہے اور اس سلسلے میں فریقین نے لاہور ہائی کورٹ کے 30 اپریل 2021 کے فیصلے کو تسلیم کیا ہے جس میں ڈی جی ٹی او کے حکم نمبر 6/2021 مورخہ 15 اپریل 2021 کو معطل کر دیا گیا ہے اس طرح ایسوسی ایشن کی حیثیت برقرار ہے یہ اپیل محمد احمد تواب (قادریہ بورڈ ملز) کے علاوہ نجم الرحمن، شیخ فاروق، محمد حسن، عاصم اقبال، فائق علی اقبال، بلال زاہد، محمود احمد پائی نے رضوان شبیر کیانی ایڈووکیٹ کی معرفت دائر کی تھیں اور سماعت کے موقع پر ملک غلام صابر ایڈووکیٹ پیش ہوئے جبکہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن، اسلم جیلانی اور باؤ محمد بشیر کی جانب سے سیکریٹری جنرل اپیما اور بیرسٹر سعد صہیب وائیں پیش ہوئے تھے۔

## محمد اسلم جیلانی اور باؤ بشیر پر اعتراضات کر کے مرحوم شہزاد اقبال کی روح کو تکلیف پہنچائی گئی

### فیڈریشن میں نامزدگی ان شخصیات کی صلاحیتوں کا اعتراف ہے، ڈان گروپ کے برادران نے اعتراض کر کے ان کی پیٹھ میں چھرا گھونپا ہے، محمد انیس

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین محمد انیس نے ڈان گروپ اور ان کے حواریوں کی جانب سے فیڈریشن میں اپیما کی محمد اسلم جیلانی اور باؤ محمد بشیر کی نامزدگی پر اعتراضات داخل کرنے والوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ڈان گروپ کے محمد عاصم، فائق علی نے اپنے ''نادان دوستوں'' کے ساتھ مل کر ٹریڈ دشمنی کا ثبوت دیا ہے کیونکہ گزشتہ دو سالوں سے ان کی یہ کوششیں ناکام ہوتی آ رہی ہیں اور اعتراض کرنے سے پہلے انہوں نے اپنی قانونی حیثیت کو بھی نہیں دیکھا کہ وہ یہ اعتراض کر بھی سکتے ہیں یا نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سیکریٹری جنرل فیڈریشن نے ان کا اعتراض یہ کہہ کر مسترد کر دیا کہ انہیں اعتراض کا حق نہیں ہے۔ محمد انیس نے مزید کہا کہ محمد اسلم جیلانی اور باؤ محمد بشیر کی شخصیات ایسی ہیں جن کا مرحوم شہزاد اقبال بھی نہایت احترام کرتے تھے اور انہوں نے ان پر اعتراضات کر کے مرحوم کی روح کو بھی تکلیف پہنچائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمد اسلم جیلانی اور باؤ محمد بشیر ممتاز کاروباری شخصیات ہیں اور خود ڈان گروپ کے برادران ملاقاتوں میں ان کے گن گاتے ہیں لیکن ان پر اعتراض کر کے انہوں نے ان کی پیٹھ میں چھرا گھونپا ہے۔ محمد انیس نے ایک بار پھر انصاف بزنس پینل کے نام نہاد رہنماؤں سے کہا کہ وہ ٹریڈ سے دشمنی کو ترک کر کے اس کے اجتماعی مفاد کے لیے کام کریں اور اپنا وقت اور پیسہ تخریبی کاموں کے بجائے تعمیری کاموں میں صرف کریں انہوں نے کہا کہ گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی انہیں منہ کی کھانی پڑے گی اور اپیما کے نامزد نمائندے قانونی طور پر فیڈریشن کے انتخابات میں اپنے ووٹ کا حق ضرور استعمال کریں گے۔



### تیسرا بین الاقوامی کنزیومر پروڈکٹس فیئر 2021ء 11 تا 13 دسمبر کراچی پرل کانٹی نینٹل میں ہوگا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی میں تیسرا بین الاقوامی کنزیومر پروڈکٹس فیئر 2021ء 11 تا 13 دسمبر 2021 پرل کانٹی نینٹل میں منعقد ہوگا جس کے لیے پیپر اینڈ ٹشو ایشیا نے خصوصی تعاون کیا ہے۔ پاکستان سے ممتاز انڈنٹنگ فرم انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ بڑی اسپانسر کمپنی ہے جس میں گولڈن کوئنز، امپریشن پنڈو 2000، گرین اسٹار، پی پی سی، پیپر لائن، پی ایل سی، ایکنا برانڈز، آرکیڈیا 2000، جھنکا (برانڈ)، آئی کے، لکی باس، ویرٹیک، ساوی ساوی برائٹ، سنار فولڈ، پیپر پلس اور ای پیپر پروڈکٹس کو نمائش کے لئے رکھا جائے گا۔

### عزیز خالد پاپگائی کے بھی چیئرمین ہو گئے



کراچی (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن اور بین الاقوامی کتب میلے کے روح رواں عزیز خالد کو پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافکس آرٹس انڈسٹری کا بھی دوسری مرتبہ چیئرمین منتخب کر لیا گیا ہے۔ عزیز خالد گزشتہ 18 سالوں سے کراچی میں بین الاقوامی کتب میلہ سجا رہے ہیں اور اس سے قبل پاپگائی کے زیر اہتمام متعدد پرنٹ پاک کا بھی انعقاد کرا چکے ہیں۔ ممتاز پرنٹرز و پبلشرز نے عزیز خالد کے چیئرمین منتخب ہونے پر انہیں مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ پاپگائی کو مزید فعال کرنے اور پرنٹرز کے مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنے تجربے اور صلاحیتوں کو بھرپور طریقے سے بروئے کار لائیں گے۔




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

# بہت بہت مبارکباد



ہم

آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے نامزد رہنماؤں

**جناب بائو محمد بشیر**، برائے جنرل باڈی

فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز

**اور**



**جناب محمد اسلم جیلانی**، برائے رکن منیجنگ کمیٹی ایف پی سی سی آئی کی

نامزدگی کو ٹریڈ دشمنوں کی جانب سے چیلنج کرنے کی درخواستیں مسترد ہونے پر

دل کی گہرائیوں سے **مبارکباد** دیتے ہیں۔

فیڈریشن کے سیکریٹری جنرل اور الیکشن کمیشن نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ان

درخشاں ستاروں کی نامزدگیوں کو برقرار رکھا ہے۔

انشااللہ پیپر ٹریڈ کے دشمن آئندہ بھی اسی طرح ہزیمت اٹھائیں گے۔



منجانب: **محمد سلیم بیکیا**،

چیئرمین بزنس مین پینل، آل پاکستان پیپر مرچنٹس

سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# دوسال کے وقفے کے بعد سولھواں عالمی کتب میلہ 30 دسمبر سے ہوگا، عزیز خالد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کتابوں سے پیار کرنے والوں کے لیئے بڑی خوشخبری، ان کا انتظار ختم ہو رہا ہے، دوسال کے تعطل کے بعد اب عالمی کتب میلہ 30 دسمبر سے ایکسپو سینٹر میں شروع ہوگا جو نئے سال 2022 کے تین جنوری تک جاری رہے گا۔ پانچ روزہ کتب میلے کا افتتاح صوبائی وزیر تعلیم وثقافت سردار علی شاہ کریں گے اور ایڈمنسٹریٹر کراچی اور وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے قانون مرتضیٰ وہاب مہمان اعزازی ہوں گے۔ یہ کتب میلہ پاکستان پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے تحت ہوگا یہ 16 واں کتب میلہ ہوگا جس کی باقاعدہ تیاریاں شروع کردی گئی ہیں دو برس قبل یہ کتب میلہ دسمبر 2019 میں ہوا تھا تاہم پھر کورونا وائرس سے دنیا بھر میں تعلیمی، سماجی و معاشی سرگرمیوں میں تعطل کی طرح یہ کتب میلہ بھی کرونا کی نذر ہوگیا۔ 2020 میں اس کا انعقاد نہیں ہوسکا اس میلے کا آغاز سن 2005 میں ہوا تھا اور مسلسل 15 برس تک ہر سال باقاعدگی کے ساتھ کتب میلہ منعقد ہوتا رہا تاہم کوویڈ 19 کے سبب پہلی بار کراچی عالمی کتب میلے میں اس وقت تعطل آیا جب 2020 میں کوویڈ کے مریضوں کے لیے ایکسپو سینٹر کراچی میں فیلڈ اسپتال قائم کیا گیا اور بعدازاں اس اسپتال کو کراچی کے سب سے بڑے ویکسینیشن سینٹر میں تبدیل کردیا گیا تاہم اب ایکسپو سینٹر میں ویکسی نیشن سینٹر ختم ہونے کے بعد مختلف نمائشوں کا سلسلہ بھی شروع ہوگیا ہے پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے سربراہ عزیز خالد نے بتایا کہ لوگوں کو طویل عرصے سے کتب میلے کا انتظار تھا کتب میلہ ایکسپو سینٹر کراچی کے ہال نمبر 1، 2 اور ہال نمبر 3 میں ہوگا جہاں ساڑھے تین سو سے زائد کتب کے اسٹالز لگائے جائیں گے انھوں کہا کہ اس بار بھی غیر ملکی پبلیشرز کو کتب میلے میں مدعو کیا گیا ہے گزشتہ کتب میلے میں پانچ لاکھ سے زائد لوگوں نے شرکت کی تھی۔

# انصاف بزنس مین پینل اپنی حیثیت کھو چکا ہے، اسلم جیلانی

## ڈان گروپ شہزاد اقبال مرحوم کے نام پر لوٹ مار کرنے والے ٹریڈ دشمنوں سے ہوشیار رہے اور ان کے ہاتھوں کھلونا نہ بنے، پیپر بزنس کو خصوصی بیان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سابق وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور فیڈریشن کے انتخابات 2022ء میں اپیما کے نامزد برائے مینجنگ کمیٹی محمد اسلم جیلانی نے ایک بیان میں انصاف بزنس مین پینل کے خود ساختہ چیئرمین نجم الرحمن، ڈان گروپ کے عاصم اقبال اور فائق علی اقبال کی جانب سے ان کی نامزدگی کو چیلنج کرنے کو فیڈریشن کی جانب سے مسترد کئے جانے پر کہا ہے کہ اس طرح یہ ثابت ہوگیا ہے کہ انصاف بزنس مین پینل اپنی حیثیت کھو چکا ہے اور اب صرف ڈان گروپ سے لوٹ مار کرنے کے لیے ٹریڈ دشمنوں کا ایک ٹولہ سرگرم ہے جن کا ذاتی مفاد اس طرح کے غیر جمہوری اور غیر اخلاقی ہتھکنڈوں سے جڑا ہوا ہے۔ محمد اسلم جیلانی نے کہا کہ فیڈریشن میں اعتراض کرنے والوں میں آدھے افراد کا تو اپیما سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے نہ ان کی اپیما میں رکنیت تک ہے اور ان کے وکلا نے ہوم ورک کئے بغیر اور اپنی فیس کے لالچ میں ایک کمزور کیس داخل کیا جسے فیڈریشن نے یکسر مسترد کر دیا اور کہا ہے کہ ان اعتراض کرنے والوں میں ایک بھی شخص اعتراض کا استحقاق ہی نہیں رکھتا ہے۔ جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ ٹولہ صرف اپنے مفاد کی خاطر ڈان گروپ کی ساکھ کو مسلسل نقصان پہنچا رہا ہے اور شہزاد اقبال اور ان کے دادا نے جو ایک اصولی امیج بنایا تھا اب ان کے بقیہ لواحقین چند مفاد پرستوں کے ہاتھوں کھلونا بن کر اسے نقصان پہنچا رہے ہیں۔ محمد اسلم جیلانی نے کہا کہ ان کے مرحوم شہزاد اقبال اور ان کے برادران سے نہایت قریبی مراسم تھے اور میں آج پھر انہیں یہی مشورہ دوں گا کہ وہ ان مفاد پرست ٹولے کے ہاتھوں کھلونا نہ بنیں اور اپنے مرحوم والد اور بھائی کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے تعمیری تنقید اور ٹریڈ کے مفاد میں مثبت تجاویز پیش کریں تاکہ ان کی چھوڑی ہوئی وراثت ان کے لیے صدقہ جاریہ بن سکے۔ محمد اسلم جیلانی نے فیڈریشن میں اپنی نامزدگی چیلنج کرنے کے حوالے سے کہا کہ یہ بات قابل ذکر ہے کہ درخواست دہندگان میں سے 5 اپیما کے ممبر ہی نہیں ہیں۔ ٹریڈ انٹرنیشنل کے بلال زاہد اور نجم الرحمن بھی اپیما کے ممبر نہیں ہیں۔ جبکہ بلال زاہد کا موقف سامنے آیا ہے کہ نجم الرحمن اور ڈان گروپ نے ان کا نام ان کی مرضی کے بغیر شامل کیا ہے جو کہ انتہائی شرمناک بات ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فیڈریشن کے سیکریٹری جنرل نے اسے غیر متعلقہ قرار دے کر مسترد کردیا۔ بعدازاں فیڈریشن کے الیکشن کمیشن کے روبرو اپنی اپیل پر بھی انہیں منہ کی کھانی پڑی جب انصاف گروپ کے ایک برادر نے لاحاصل بغیر دستاویزی ثبوت کے اپیما پر الزامات عائد کئے اور ایک موقع پر کہا کہ اپیما کا لائسنس ڈی جی ٹی او نے معطل کر رکھا ہے جس کا ان کے پاس کوئی ثبوت نہ تھا اور اپیما کے نمائندوں نے الیکشن کمیشن کے روبرو اپیما کا 2024 تک کا لائسنس پیش کردیا۔ اس موقع پر الیکشن کمیشن نے برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ آپ اپنا اور ہمارہ وقت ضائع کررہے ہیں اور ہوا میں تیر چلا رہے ہیں۔ بہتر ہے کہ آپ کا جو بھی مسئلہ ہے وہ آپ آپس میں بیٹھ کر طے کرلیں اور اس طرح اپنی ایسوسی ایشن کو تماشہ نہ بنائیں۔ توقع ہے کہ الیکشن کمیشن ان کی اپیل بھی مسترد کردے گا۔ محمد اسلم جیلانی نے کہا کہ اسی طرح ان نادان دوستوں کی مشاورت سے قادریہ بورڈ ملز نے تو غلط بیانی کی انتہا ہی کردی جب خود کو اپیما کا ممبر ظاہر کردیا جبکہ ریکارڈ سے ثابت ہے کہ قادریہ بورڈ ملز اپنے قیام سے آج تک کبھی بھی اپیما کی ممبر نہیں رہی۔ جبکہ قادریہ بورڈ ملز نے بھی اپنی اپیل میں سب کچھ بوگس اور غلط الزامات عائد کئے۔ اس کے علاوہ قادریہ بورڈ ملز نے اپیما کے معزز ممبران پر الزام عائد کیا کہ جن ممبران کو نامزد کیا گیا ہے ان سے خطیر رقوم وصول کی گئی ہیں اور نامزدگیاں فروخت کی گئی ہیں۔ اس صورتحال میں انصاف بزنس پینل اور ڈان گروپ فیڈریشن اور چیمبر میں اپنی ساکھ کو کھو رہا ہے اور اب ان کی بات میں کوئی وزن نہیں ہے۔ اسلم جیلانی نے ڈان گروپ کے عاصم اقبال اور دیگر کی توجہ اس جانب مبذول کرائی ہے کہ وہ نادانی میں



چند ''بے روزگار'' انڈنٹرز، ٹریڈرز اور دیگر کے ہاتھوں میں کھیل رہے ہیں جو ان کی رقوم کو برباد کر کے پیپر ٹریڈ اور ایسوسی ایشن کو تباہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جس سے ڈان گروپ کا نام بدنام ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی فرد واحد سے کچھ اختلاف ہے تو آپ میں اتنی ہمت ہونی چاہیئے کہ اپنے مخالف سے براہ راست مقابلہ کریں نہ کہ ایسوسی ایشن پر حملے کریں۔ انہوں نے ڈان گروپ کے خاندان کے افراد بالخصوص عاصم اقبال سے درخواست کی ہے کہ وہ اس پالیسی کا دوبارہ جائزہ لیں اور غور کریں کہ اس احمقانہ اقدام کے نتیجے میں انہوں نے گزشتہ دو سالوں میں کیا حاصل کیا ہے سوائے اس کے کہ چند بے روزگار انڈنٹرز، ٹریڈرز اور وکلا نے آپ سے مالی فوائد حاصل کئے ہیں اس کے بجائے آپ حضرات پیپر مارکیٹ کے غریب مزدوروں اور مارکیٹ کی فلاح و بہبود کے لیے کام کریں اور جس ڈسپنسری کا وعدہ کیا گیا تھا اس کو عملی جامہ پہنائیں اور دیگر فلاحی کام کریں۔

# کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے اپیلٹ ٹریبونل کے فیصلوں پر عملدر آمد سے متعلق کیس پر فیصلہ محفوظ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ کوٹڈ رائٹنگ پیپر سے متعلق کسٹم ایڈ جوڈکیشن کے جس فیصلے کو کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے کالعدم قرار دے دیا تھا اور کسٹم حکام نے اس پر اب تک عملدر آمد نہیں کیا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ کسٹم کی اس ہٹ دھرمی کے خلاف امپورٹرز نے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا اور اب عدالت کے ایک تین رکنی بنچ نے اس سے متعلق اپنا فیصلہ محفوظ کرلیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آفسیٹ پرنٹنگ پیپر میں 90 ڈالر، فوٹو کاپیئر باکسز میں 80 ڈالر فی ٹن تک اضافہ

## قرآن پیپر میں 300 ڈالر اور کاربن لیس میں بھی 140 ڈالر اور کوٹڈ پیپر نیو یا میں 120 ڈالر تک اضافہ

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) پیپر و پیپر بورڈ کی بین الاقوامی قیمتوں کی عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق انڈونیشیا اور چائنا کے پیپر و پیپر بورڈ کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں ہونے والی تبدیلی کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انڈونیشیا: آئی کے ریل 70 گرام، 790 ڈالر سے بڑھ کر 850 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ آئی کے شیٹ 70 گرام، 820 ڈالر سے بڑھ کر 890 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ انڈیگو شیٹ 60 گرام 840 ڈالر سے بڑھ کر 880 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ انڈیگو ریلز 60 گرام 810 ڈالر سے بڑھ کر 850 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ چی وی کیمیا شیٹ 70 گرام 800 ڈالر سے بڑھ کر 890 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ چی وی کیمیا ریلز 70 گرام 770 ڈالر سے بڑھ کر 860 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ فوٹو کاپی پیپر بی ایل سی اینڈ پی پی سی براؤن 70 گرام، 840 ڈالر سے بڑھ کر 920 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر بی ایل سی اینڈ پی پی سی براؤن 80 گرام، 830 ڈالر سے بڑھ کر 910 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ پی پی سی گرے اینڈ پیپر لائن، کاپی میٹ 70_75 اور 80 گرام، 800 ڈالر سے بڑھ کر 860 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ قرآن پیپر آئی کے (کریمش آئی ٹی) 60 گرام، 900 ڈالر سے بڑھ کر 1200 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔

انڈونیشیا/چائنا: کاربن لیس پیپر امپریشن 2000، CFB_1500 ڈالر سے بڑھ کر 1560 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ امپریشن 2000، CB_1410 ڈالر سے بڑھ کر 1470 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ امپریشن 2000، CF_1310 ڈالر سے بڑھ کر 1370 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار، CFB_1400 ڈالر سے بڑھ کر 1470 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار، CB_1320 ڈالر سے بڑھ کر 1370 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار، CF_1230 ڈالر سے بڑھ کر 1370 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کوٹڈ پیپر چائنا نیو یا، 880 ڈالر سے بڑھ کر 1000 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔

انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھی گئی۔

# اسٹیکر، آفسیٹ آئی کے، پنڈو کارڈ کی قیمتوں میں کمی، مقامی آفسیٹ میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی اور تیزی کا رجحان دیکھا گیا اور 24 نومبر 2021 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، پنڈو آرٹ کارڈ اور اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک، پاور ٹیک، نیکسز پرو اور لیبل ٹیک کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ اور کراؤن کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 288 روپے سے کم ہو کر 286 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ پیپر آئی کی 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 254 روپے سے کم ہو کر 253 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 247 روپے سے کم ہو کر 246 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 63 اور 68 گرام، 132 روپے سے بڑھ کر 137 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 63 اور 68 گرام، 130 روپے سے بڑھ کر 136 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 625 روپے سے کم ہو کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 680 روپے سے بڑھ کر 690 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 640 روپے سے کم ہو کر 630 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔ 5.13_70 گرام، 690 روپے سے بڑھ کر 700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BMO،70، گرام، 620 روپے سے کم ہو کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 620 روپے سے کم ہو کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام، A3 سائز 1300 روپے سے کم ہو کر 1250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2725 روپے سے کم ہو کر 2700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا، 20x30 سائز، 2675 روپے سے کم ہو کر 2650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2725 روپے سے کم ہو کر 2700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2725 روپے سے کم ہو کر 2700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# بینکوں کو سیونگ اکاؤنٹس پر 7.2 فیصد سے کم منافع نہ دینے کا حکم

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے بینک کھاتوں پر شرح منافع میں 1.5 فیصد اضافہ کرتے ہوئے پی ایل ایس اکاؤنٹس پر کم از کم شرح منافع 7.25 فیصد مقرر کردی اور کہا کہ فیصلے کا اطلاق یکم دسمبر سے ہوگا، صارفین کم منافع پر بینکوں کیخلاف ہم سے رجوع کرسکتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک نے پی ایل ایس اکاؤنٹس پر شرح منافع 1.5 فیصد تک بڑھانے کی ہدایت کردی۔ اسٹیٹ بینک نے کمرشل بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ اپنے پی ایل ایس اکاؤنٹس پر کم از کم 7.25 فیصد منافع ادا کریں۔ اس فیصلے کا اطلاق یکم دسمبر 2021 سے ہوگا۔ بینک کسٹمرز کم منافع دینے والے بینکوں کے خلاف اسٹیٹ بینک سے رجوع کرسکتے ہیں خلاف ورزی کرنے والے بینکوں کو تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

# اکاؤنٹ کھولنے کیلئے بینک جانے کی ضرورت نہیں، نئی سہولت متعارف

کراچی (بزنس ڈیسک) اکاؤنٹ کھولنے کیلئے بینک جانے کی ضرورت نہیں اب نئی سہولت متعارف کردای گئی۔ بینک اکاؤنٹس کھولنا اب اور بھی آسان ہوگیا، اسٹیٹ بینک نے ڈیجیٹل طریقے سے بایو میٹرک تصدیق کے بعد بینکوں کو اکاؤنٹس کھولنے کی اجازت دے دی۔ اس سہولت کے ذریعے اب یکم جنوری 2022ء سے کسی بھی جگہ سے بایو میٹرک تصدیق کر کے ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولا جاسکے گا۔ اکاؤنٹ کھولنے کے لیے بینک کی شاخوں کا دورہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی اور بینک ریموٹ بایو میٹرک تصدیق پر اکاؤنٹ کھول سکیں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ٹیکس گزاروں کا ڈیٹا نیب کو دینے، یوٹیلٹی کنکشنز کاٹنے کی تجاویز سینٹ کمیٹی نے مسترد کردیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ نے نان فائلرز کے موبائل، بجلی اور گیس کنکشن منقطع کرنے اور ٹیکس گزاروں کا ڈیٹا نیب کو دینے کی تجاویز مسترد کردیں، سینٹ کمیٹی خزانہ نے نادرا سے ٹیکس گزاروں کا ڈیٹا لینے، بڑے ریٹیلرز سے خریداری پر سیلز ٹیکس میں ایک فیصد کمی منظور کرلی۔ سینیٹر طلحہ محمود کی زیر صدارت کمیٹی کا اجلاس ہوا، ایف بی آر نے تیسرا ٹیکس ترمیمی ایکٹ پیش کردیا، کمیٹی نے نان فائلرز کے موبائل، بجلی اور گیس کنکشن منقطع کرنے کی تجویز مسترد کردی سینیٹر طلحہ محمود نے کہا کہ یہ عوام کیساتھ ظلم ہے ایسا قانون بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ نان فائلرز کیخلاف سخت کارروائی کی جائے، کمیٹی نے نادرا سے ٹیکس گزاروں کی معلومات حاصل کرنے کی تجویز کو منظور کرلیا، جبکہ نیب کو ٹیکس گزاروں کی معلومات دینے کی تجویز مسترد کردی، مصدق ملک نے کہا کہ یہ قانون ٹیکس گزاروں کا ریکارڈ نیب کو دینے کیلئے بنایا گیا ہے۔ کمیٹی نے ٹیئر ون ریٹیلرز سے کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈز کے ذریعے خریداری پر 17 کی بجائے 16 فیصد سیلز ٹیکس کی تجاویز کو منظور کرلیا، کمیٹی نے پروفیشنل ماہرین کے بجلی بلوں اور 20 ہزار روپے سے زیادہ بجلی کے بل پر اضافی ٹیکس، کمپنیوں کے ڈھائی لاکھ روپے کے اخراجات ڈیجیٹل پیمنٹ کے ذریعے کرنے کی تجا ویز کو مسترد کردیا، کمیٹی نے الیکٹرک گاڑیوں کی درآمد پر 5 فیصد سیلز ٹیکس 50 لاکھ روپے کی ترسیلات زر بینکس اور کرنسی ایکسچینج کمپنیوں کے ذریعے بھیجنے کی تجویز منظور کرلی۔ کمیٹی نے گورنر اسٹیٹ بینک کی عدم حاضری پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے تحریک استحقاق جمع کرانے کا فیصلہ کرلیا۔

# مانیٹری پالیسی کا اعلان، شرح سود بڑھا کر 8.75 فیصد کردی گئی

کراچی ( بزنس ڈیسک ) اسٹیٹ بینک نے نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے 150 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کر کے شرح سود 8.75 فیصد کردی۔ اسٹیٹ بینک سے جاری بیان کے مطابق مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس ہوا جہاں شرح سود کو 150 بیسس پوائنٹس بڑھا کر 8.75 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ مہنگائی اور توازن ادائیگی سے متعلق بڑھتے ہوئے خطرات عالمی اور ملکی دونوں قسم کے عوامل کی وجہ سے ہیں۔ مرکزی بینک نے کہا کہ دنیا بھر میں کووڈ کی وجہ سے رسد میں تعطل قیمتوں پر دباؤ اور توانائی کے نرخ تخمینے سے زیادہ بڑھ رہے ہیں، تاہم اسٹیٹ بینک نے مہنگائی قابو میں رکھنے کے لیے مانیٹری پالیسی کو سخت کرنا شروع کردیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ مہنگائی میں اضافے کی ایک وجہ درآمدی قیمتوں میں توقع سے زیادہ اضافہ ہے، اور اس کے ساتھ طلب میں دباؤ بھی اس کی وجہ ہے۔ مزید کہا گیا کہ ستمبر اور اکتوبر میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بھی توقع سے زیادہ رہا، جس سے تیل اور اجناس کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا اور بیرونی دباؤ سے روپے پر زیادہ بوجھ پڑا ہے۔ شرح سود میں اضافے کے حوالے سے کہا گیا کہ مانیٹری پالیسی کمیٹی کا نقطہ نظر تھا کہ مہنگائی کے دباؤ کا مقابلہ کرنے اور نمو کے استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے مانیٹری پالیسی معمول پر لانے کے لیے تیزی سے آگے بڑھنا ہوگا اور 150 بیسس پوائنٹس کا اضافہ اسی کی جانب ایک قدم ہے۔ اسٹیٹ بینک نے کہا کہ کمیٹی نے حقیقی، بیرونی اور مالیاتی شعبوں کے اہم رجحانات، امکانات اور اس کے نتیجے میں مانیٹری صورت حال اور مہنگائی کے امکانات کو مدنظر رکھتے ہوئے شرح سود میں اضافے کا فیصلہ کیا۔ یاد رہے اسٹیٹ بینک رواں سال ستمبر میں 15 ماہ بعد شرح سود میں 25 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کرتے ہوئے 7.25 فیصد کردیا تھا۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے کہا گیا تھا کہ 20 ستمبر 2021 کے مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس میں پالیسی ریٹ میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا اور کہا گیا کہ معاشی بحالی کی رفتار توقع سے زیادہ بڑھ گئی ہے۔ کمیٹی نے مہنگائی کا عندیہ دیتے ہوئے کہا تھا کہ جون سے سالانہ مہنگائی کم ہوئی لیکن بلند درآمدات سے متعلق مہنگائی کے ساتھ بڑھتا ہوا طلبی دباؤ مالی سال میں آگے چل کر مہنگائی کے اعداد و شمار میں ظاہر ہونا شروع ہوسکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں کووڈ۔ 19 کی تازہ ترین لہر قابو میں ہے، ویکسی نیشن کی بدولت حکومت نے وبا کو مجموعی طور پر قابو میں رکھا ہے تو معاشی بحالی وبا سے متعلق غیر یقینی کیفیت کا اتنا زیادہ شکار معلوم نہیں ہوتی۔ اس سے قبل اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی نے 25 جون 2020 کو منعقدہ اجلاس میں پالیسی ریٹ 100 بیس پوائنٹس کم کر کے 7 فیصد کردیا تھا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے کورونا وائرس کے ملکی معیشت پر مرتب ہونے والے منفی اثرات کے باعث مارچ سے اپریل 2020 تک ایک ماہ کے عرصے میں 3 مرتبہ شرح سود میں کمی کا اعلان کیا تھا۔

## محمد سعید پریس والا کی اہلیہ انتقال کر گئیں، عزیز خالد سمیت پرنٹرز، پبلشرز اور پیپر مرچنٹس کی تعزیت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافکس آرٹس انڈسٹری کے سابق چیئرمین اور الیاس پریس کے ممتاز پرنٹرز پیپر مرچنٹس محمد سعید پریس والا کی اہلیہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کے انتقال پر چیئرمین پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافکس آرٹس انڈسٹری اور چیئرمین پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن عزیز خالد سمیت دیگر پیپر مرچنٹس، پبلشرز اور پرنٹرز نے محمد سعید پریس والا سے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔


A A SERVICES

Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915

Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets

Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PCP.1-8/2021P&D/2297

وائٹ آفسیٹ پیپر لوکل، سائز 20x30، 68 گرام

تعداد: 3800 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: یونیورسٹی روڈ، کراچی۔

فون: 021-99231020

برائے رابطہ: 3۔ چٹرجی روڈ، لاہور۔

فون: 042-37210095

برائے رابطہ: ہیڈ آفس، خیابان سہروردی، اسلام آباد۔

فون: 051-9252159

## NADRA کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 124/2021

پیپر A4 سائز، 80 گرام امپورٹڈ، تعداد: 70,000 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی ریجنل ہیڈ کوارٹر بلڈنگ، 30۔ ماؤ ایریا، G-10/4، اسلام آباد۔

فون: 051-90392437

## نشتر میڈیکل یونیورسٹی کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: آفیسر پرچیز آفس، ملتان۔

فون: 061-9200238

## ہیڈ کوارٹر لاجسٹک کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: آفیسر انچارج، اسٹیشنری سیل، ملتان۔

فون: 061-9202809

0345-5580795

# کاروباری مواقع

# TENDERS

## وفاقی اردو یونیورسٹی کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

امتحانی کاپی A اور کاپی B کی پرنٹنگ

تعداد کاپی A: 135000 عدد

تعداد کاپی B: 35000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: پرچیز آفیسر، گلشن اقبال کیمپس، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔

فون: 021-99243928

## پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفیسر، پونچھ ہاؤس، 38۔ ملتان روڈ، لاہور۔

فون: 042-99210953 - 99210956

## یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: فنانس ڈپارٹمنٹ، کمرہ نمبر 9، خیابان جامعہ پنجاب، لاہور۔

فون: 042-99231304-9

## گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: کالج آفس، وحدت روڈ، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون: 042-99239386-99260042

## پی آئی اے کے پیپر و کارڈ کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر: PR-21010040

بلیچ کارڈ وائٹ، سائز 22x28، 400 گرام

تعداد: 50000 شیٹس

ٹینڈر حوالہ نمبر: PR-21010049

NCR پیپر وائٹ CFB، سائز 18x23، 50 گرام

تعداد: 100000 شیٹس

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: جنرل منیجر پروکیورمنٹ، سپلائی چین مینجمنٹ بلڈنگ، پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن، ہیڈ آفس، کراچی۔

فون: 021-99043304

ٹینڈر حوالہ نمبر: ISB-CNT-Paper-21

پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 2000 پیکٹ

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد 1500 پیکٹ

پیپر لیگل سائز، 70 گرام، تعداد 250 پیکٹ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، BBI ایئر پورٹ روڈ، اسلام آباد۔

فون: 051-9280920

## بلوچستان یونیورسٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر پروکیورمنٹ، Takatu کیمپس، ایئر پورٹ روڈ، بلیلی، کوئٹہ۔

فون: 081-2881036-2880410
EXT:602-686

## کنٹونمنٹ بورڈ کو پیپر و اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 703/B/I/448

پیپر لیگل سائز (کاپی میٹ) تعداد 95 ریم

پیپر A4 سائز، (کاپی میٹ) تعداد: 85 ریم

دیگر اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: آفس، جہلم۔ فون: 0544-920026


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# انڈونیشیا میں پلپ انڈسٹری بحران اور قبائلی تنازعات (حصہ دوئم)

تحریر: نوید مرزا

ایکڑ پر کھڑے جنگلات کو صاف کیا جاتا ہے مگر زمین میں ان کی جڑیں رہ جاتی ہیں جبکہ درختوں کی صفائی کے دوران لاکھوں ٹن شاخیں اور گھاس پھوس بھی راستوں میں جمع ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے جنگل میں مزید آگے بڑھنا اور کام کرنا دشوار ہوجاتا ہے اور وہاں بھاری مشینری کا پہنچنا مشکل ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے یہ کمپنیاں اس گھاس پھوس اور بچی کچھی لکڑی کو آگ لگادیتی ہیں تاکہ مزید آگے بڑھنے اور زمین کو صاف کرنے میں آسانی ہو۔ یہ عمل گزشتہ کئی سالوں سے جاری ہے اور اب اس کی سنگینی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انڈونیشیا کے قریب واقع سنگاپور، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا جیسے ممالک بھی متاثر ہوئے بلکہ سنگاپور میں تو اتنا دھواں پہنچا کہ وہاں سڑکوں پر ٹریفک جام ہوگیا اور لوگوں کو دھوئیں سے محفوظ رہنے کے لیے منہ پر ماسک لگانے پڑے۔ اس صورت حال کو سنگاپور، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا اقوام متحدہ میں لے گئے جہاں اس مسئلے پر غور و غوص کیا گیا اور انڈونیشیا کو پابند کیا گیا کہ وہ اپنے ہاں واقع قدرتی جنگلات کی حفاظت کو یقینی بنائے اور جنگل میں آگ لگانے والے عوامل کو ختم کرے۔ انڈونیشیا پر یہ عالمی دباؤ آنے پر انڈونیشیائی حکومت بھی نیند سے جاگی اور اس نے ان جنگلات اور وہاں رہنے والی آبادی کو بچانے کے لیے اقدامات شروع کیے۔ انڈونیشیا کی حکومت کی جانب سے مقامی قبائلیوں کے خلاف اقدامات اور پلپ کمپنیوں کو سہولت فراہم کرنے کی وجہ یہ تھی کہ ان پلپ کمپنیوں کے مالکان کے بڑی تعداد انڈونیشیائی حکومت کے اعلیٰ عہدیداروں سے قریبی تعلقات تھے جس کی وجہ سے انہیں ان جنگلات میں کٹائی کے لائسنس جاری کیے گئے جبکہ بعض حلقوں کے مطابق پلپ کمپنیوں نے سرکاری افسران کو رشوت دے کر ان علاقوں میں کٹائی کے حقوق حاصل کیے۔ دوسری جانب انسانی حقوق کی تنظیموں کا کہنا ہے کہ ان جنگلات میں رہنے والے لوگوں کا طرز زندگی بہت سادہ ہے اور یہ لوگ صدیوں سے اپنے پرانے روایتی انداز سے ہی زندگی گزار رہے ہیں۔ ان لوگوں کا جدید طرز زندگی اور جدید شہروں سے رابطہ بہت کم ہے اور وہ سرکاری قوانین اور ضابطوں سے واقفیت نہیں رکھتے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ اس قابل نہیں ہیں کہ اپنا موقف اعلیٰ سرکاری حکام کے سامنے رکھ سکیں یا سرکاری

افسروں کو رشوت دے سکیں۔ ان لوگوں کا زیادہ تر دارومدار جنگلات میں پائے جانے والے جانوروں، پھل پھول پر ہے اور ان کا شہری علاقوں کے کاروبار اور ملازمتوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ان لوگوں کی اسی کمزوری کا فائدہ یہ پلپ کمپنیاں اٹھا رہی ہیں اور گھنے جنگلات میں رہنے والے ان لوگوں کے حقوق کا استحصال کررہی ہیں۔ پلپ کمپنیوں اور مقامی قبائل کے درمیان کشیدگی میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے اور بعض ایسے واقعات پیش آرہے ہیں جس کی وجہ سے امن و امان کا مسئلہ پیش آرہا ہے اور جنگل میں پلپ کمپنیوں کا کام متاثر ہورہا ہے۔ جس کی وجہ سے انڈونیشیا میں پلپ اور پیپر کی صنعت پر اس کے منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ پچھلے سال 16 ستمبر 2019 کو سماٹرہ کے ایک گاؤں میں پی ٹی پلپ کے کچھ کارکنان جنگل کی کٹائی کرنے پہنچے تھے کہ ان کا تصادم مقامی قبائلیوں سے ہوگیا جو اس کٹائی کو روکنے کے لیے جمع ہوئے تھے۔ اس تصادم کے دوران مقامی قبائلیوں کا ایک آٹھ سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا جبکہ دیگر کئی افراد زخمی ہوئے۔ مقامی قبائلی جب اس واقعے کی رپورٹ درج کرانے شہری پولیس اسٹیشن گئے تو وہاں موجود پولیس اہلکاروں نے یہ رپورٹ درج کرنے سے انکار کردیا۔ بعدازاں بجائے پلپ کمپنی کے ورکرز کے خلاف کرنے کے انڈونیشیا کے حکام نے مقامی قبائلی رہنماؤں کو ہی قصوروار قرار دے کر مقامی عدالت سے انہیں 9-9 ماہ کی سزا دلوا دی جس کے بعد قبائلیوں اور پلپ کمپنیوں کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ قبائلیوں کے وکیل ساحت جاتا گولنگ کہتے ہیں ناانصافی کی حد یہ ہے کہ سرکاری اداروں نے نہ صرف پلپ ملز کے اہلکاؤں کو سپورٹ کیا بلکہ بعدازاں پی ٹی پلپ کی شکایت پر علاقے

